# 38282- بیوی روزہ نہیں رکھنا چاہتی

## سوال

میرا بھائی دین پر عمل پیرا ہے، لیکن اس کی بیوی دین پر عمل نہیں کرتی، نہ تو وہ روزہ رکھتی بلکہ اسے اصل میں رمضان کے متعلق کچھ علم ہے ہمارا کوئی قریبی رشتہ داران کے قریب رہائش پذیر نہیں، میرا بھائی اپنی بیوی پر اثرانداز نہیں ہوسکتا تاکہ اسے دینی احکام پر عمل پیرا ہونے پر تیار کرسکے، وہ دعاء کرتا رہتا ہے کہ اللہ تعالی اسے ہدایت نصیب فرمائے، اور اسے ایسی بیوی کے متعلق صبر سے نوازے، لیکن ظاہر یہ ہوتا ہے کہ اس کی بیوی تبدیل نہیں ہونا چاہتی اور نہ ہی مسلمانوں کی طرح دین پر عمل کرنا چاہتی ہے.

کیا آپ بتاسکتے ہیں کہ میرا بھائی اپنی بیوی کے ساتھ کس طرح کے معاملات کرے تاکہ وہ دین اسلام کے زیادہ قریب ہوکر دینی احکام پر عمل کرنے لگے ؟

## پسندیدہ جواب

آپ کے بھائی کے لیے ضروری ہے کہ اپنی بیوی کی ہدایت اور اسے حق کی طرف لانے کے لیے ہر قسم کے وسائل بروئے کار لائے، چنانچہ اس کے لیے اسے ترغیب وترہیب کا اسلوب استعمال کرنا چاہیے، اور بیوی کو اللہ تعالی اور اس کے حقوق کی یاددہانی کرانی چاہیے، اور اسے یہ بتانا چاہیے کہ اس وقت وہ کس خطرناک مرحلہ میں پہنچ چکی ہے.

پھر اسے نیک اور صالحہ عورت کے ساتھ تعلقات قائم کرانے کی کوشش کرنی چاہیے، چاہے اس کے رشتہ داروں میں نہ بھی ہوں، تو وہ دوسری مسلمان بہنوں سے مدد لے سکتا ہے، مثلا وہ اپنے دوست واحباب کی نیک اور صالح بیویوں سے اپنی بیوی کا میل جول کرائے.

اور اسی طرح اچھی اور بہترین قسم کی آڈیو اور ویڈیو کیسٹ جن میں دینی مسائل ہوں لاکر بیوی کو دے، اور دینی کتب بھی اس کے لیے مدد ومعاون ہوسکتی ہیں، اگر تو وہ اس کی بات تسلیم کر لے تو یہی مطلوب بھی ہے، وگرنہ اس کے ساتھ بے تعلقی کا اسلوب استعمال کرنے میں کوئی مانع نہیں لیکن یہ اسلوب اس وقت استعمال کیا جائے جب اس طرح کی حالت میں اس سے کوئی فائدہ ہو، کیونکہ شریعت مطہرہ نے خاوند کے حق کے لیے بیوی سے علیحدگی اور بے تعلقی کرنا مشروع کیا ہے، تو پھر اللہ تعالی کے حق کے لیے علیحدگی اور بے تعلقی تو بالاولی جائز ہوگی.

ابوامامہ باہلی رضی اللہ تعالی عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو سنا آپ فرمارہے تھے :

"میں سویا ہوا تھا کہ میرے پاس دو شخص آئے اور مجھے بازو سے پکڑا ایک دشوار گزار پہاڑ کے پاس لاکر کہنے لگے : اس پر چڑھو، میں نے کہا مجھ میں اس پر چڑھنے کی استطاعت نہیں، وہ دونوں کہنے لگے : ہم تیرے لیے اسے آسان کردینگے، چنانچہ میں اس پر چڑھا اور جب پہاڑ کے اوپر پہنچا تو مجھے شدید اور سخت قسم کی آوازیں سنائی دیں، میں نے سوال کیا یہ آوازیں کیسی ہیں ؟

توانہوں نے کہا : یہ جہنمیوں کی آہ وبکا ہے، پھر وہ مجھے لیکر آگے چل دیے تو میں کچھ لوگوں کے پاس پہنچا جو الٹے لٹکائے ہوئے تھے، اور ان کی باچھیں پھٹی ہوئی تھیں ان سے خون بہہ رہا تھا، میں نے دریافت کیا یہ کون لوگ ہیں ؟ تو وہ کہنے لگے : یہ وہ لوگ ہیں جو حلال ہونے سے قبل ہی روزہ افطار کرلیتے تھے "

سنن بیہقی حدیث نمبر (7796) علامہ البانی رحمہ اللہ نے اسے صحیح قرار دیا ہے.

چنانچہ اگر افطاری کا وقت ہونے سے قبل ہی روزہ افطار کرنے والوں کی سزا یہ ہے تو پھر جو بالکل ہی روزہ نہ رکھے اس کی سزا کیا ہوگی ؟

لیکن اگر یہ بیوی روزہ نہ رکھنے ساتھ ساتھ بالکل نماز بھی ادا نہیں کرتی تو پھر اس عمل کی بنا پر وہ دائرہ اسلام سے خارج ہو چکی ہے، اہل علم کا راجح قول یہ ہے، اس لیے آپ کے بھائی کے لیے اس عورت کے ساتھ باقی رہنا جائز نہیں.

مزید تفصیل کے لیے آپ سوال نمبر (12828) کے جواب کا مطالعہ ضرور کریں.

واللہ اعلم.